

۷۸۶
۹۲



وضو غسل نماز کا طریقہ، درود تاج شریف
دیگر اوراد و وظائف و درود و سلام کا حسین مجموعہ



# خزانۂ تاباں

برائے ایصالِ ثواب

شہیدہ
سیدہ شعار سلطانہ قدیری
عرف تاباں علیہا الرحمہ

مرتبہ

مفتی سید محمد انتساب حسین
قدیری اشرفی مداری

پیشکردہ

سید محمد احتساب حسین قدیری، سید محمد کامیاب حسین قدیری
محمد رضوان قدیری، محمد عمران قدیری

دم مدار بیڑا پار

# MADAARI MEDIA

The Silsila e Aaliya Madaariya Social Platform

سلسلۂ مداریہ کے بزرگوں کی سیرت و سوانح

سلسلۂ عالیہ مداریہ سے متعلق کتابیں

سلسلۂ مداریہ کے علماء کے مضامین تحریرات

سلسلۂ مداریہ کے شعراء اکرام کے کلام

حاصل کرنے کے لئے اس ویب سائیٹ پر جایئے

## www.MadaariMedia.com

@MadaariMedia

@MadaariMedia

@MadaariMedia

@MadaariMedia

Authority : Ghulam Farid Haidari Madaari

# دعاء کی گزارش

قارئین کرام.......... السلام علیکم و رحمۃ اللہ تعالیٰ و برکاتہ

یہ کتاب میری لخت جگر نور نظر
شہیدہ سیدہ شعار سلطانہ قدیری عرف تاباں علیہا الرحمہ
کے ایصالِ ثواب کے لئے شائع کی گئی ہے
جنکا انتقالِ پُرملال 4 ذوالحجہ 1444 ہجری مطابق
23 جون 2023 جمعۃ المبارکہ کو ہوگیا تھا
آپ تمام قارئین سے گزارش ہے کہ
اس کتاب کو جب جب بھی پڑھیں تو
شہیدہ سیدہ شعار سلطانہ قدیری عرف تاباں علیہا الرحمہ
کی مغفرت اور مراتب میں بلندی کی دعاء فرمائیں
اور مجھے ممنون فرمائیں.

عرض گزار

سید محمد انتساب حسین قدیری اشرفی مداری
قدیری منزل محلہ نئی بستی محمد علی روڈ
مرادآباد شریف. اترپردیش انڈیا

مجدد مرادآبادی نیٹورک
Mujaddid Moradabadi NETWORK
SUBSCRIBE
MUJADDID MORADABADI NETWORK

۷۸۶ ۹۲

وضو غسل نماز کا طریقہ

درود تاج شریف و دیگر اوراد و وظائف و درود و سلام کا حسین مجموعہ

# خزانۂ تاباں

برائے ایصالِ ثواب

شہیدہ سیدہ شعار سلطانہ قدیری عرف تاباں علیہا الرحمہ

مرتبہ

مفتی سید محمد انتساب حسین قدیری اشرفی مداری

ناشرین

سید محمد احتساب حسین قدیری، سید محمد کامیاب حسین قدیری
محمد رضوان قدیری، محمد عمران قدیری

## نحمدہ ونصلی ونسلم علیٰ حبیبہ الکریم

## وضو کا طریقہ

بہتر یہ ہے کہ قبلہ رخ بیٹھے اور بلند جگہ پر بیٹھے اور بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھکر مسواک کرے اور اگر مسواک نہ ہو تو انگلیوں سے دانت صاف کرے پھر دونوں ہاتھوں کو گٹوں سمیت تین بار دھوئے، اس کے بعد تین مرتبہ کلی کرے پھر تین بار ناک میں پانی ڈال کر بائیں ہاتھ کی انگلی سے ناک صاف کرے پھر پورے چہرے کو تین بار دھوئے، اسکے بعد دونوں ہاتھ کہنیوں سمیت تین بار دھوئے، پھر ایک چوتھائی سر کا مسح کرے پھر کانوں کا مسح کرے پھر گردن کا مسح کرے پھر دونوں پاؤں کو ٹخنوں سمیت تین بار دھوئے، ہر عضو کو دھوتے وقت درود شریف پڑھنا افضل ہے۔

## غسل کا طریقہ

پہلے دونوں ہاتھ گٹوں تک دھوئے، اسکے بعد جہاں جہاں نجاست لگی ہوئی ہو اسکو دھوئے، پھر استنجاء کی جگہ دھوئے اور پاک کرے اور بسم اللہ شریف پڑھ کر وضو کرے جنابت کی حالت میں کلی مع غرارہ کرے لیکن اگر روزے سے ہو تو غرارہ نہ کرے بلکہ صرف کلی کرے ناک میں بانسے تک پانی لے جائے۔ اسکے بعد تمام بدن پر تین بار پانی بہائے اور پورے جسم کو خوب ملے تا کہ کوئی جگہ پانی بہنے سے باقی نہ رہ جائے۔ کھلی جگہ پر ننگا ہو کر نہ نہائے۔ اگر غسل خانہ میں ہو تو وہاں برہنہ ہو کر نہا سکتا ہے۔ عورت کیلئے بالوں کی جڑوں تک پانی پہونچانا ضروری ہے۔

## اذان

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرْ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرْ۔

اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا للّٰہُ۔ اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا للّٰہ۔

اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدً الرَّسُوْلُ اللّٰہ۔ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًالرَّسُوْلُ اللّٰہ۔

حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃُ۔ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃُ۔ حَیَّ عَلَی الفَلَاحُ۔ حَیَّ عَلَی الفَلَاحُ۔

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرْ۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔

فجر کی اذان میں حَیَّ عَلَی الفَلَاحُ کے بعد اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ۔ اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ۔ کا اضافہ کریں۔

اور اقامت میں حَیَّ عَلَی الفَلَاحُ کے بعد قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ۔ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ کا اضافہ کریں۔

## اذان کے بعد کی دعاء

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الرَّفِیْعَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَاماً مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَہٗ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ اِنَّکَ لَاتُخْلِفُ الْمِیْعَادُ۔

## تثویب (نماز کے لئے دوسری اطلاع)

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہ۔ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہ۔ اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیْکَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہ۔وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحَابِکَ یَا شَفِیْعَنَا عِنْدَاللّٰہ۔

## نماز کا طریقہ

باوضو قبلہ رُخ کھڑا ہو، نہ تو دونو پاؤں چیر کر کھڑا ہو اور نہ ہی بالکل مِلا کر کھڑا ہو بلکہ دونوں پیروں کے درمیان چار انگل کا فاصلہ ہونا چاہئے، پھر دونوں ہاتھ کانوں کی لَو تک لیجائے اس طرح کہ انگوٹھے کان کی لو سے چھو جائیں اور انگلیاں نہ مِلی ہوئی رکھے نہ خوب کھُلی ہوئی بلکہ وہ اپنی حالت پر رہیں اور ہتھیلیاں قبلہ کی جانب ہوں پھر نیت کرے: مثلاً فجر کی دو رکعات فرض کی نیت اس طرح کرے:۔ نیت کی میں نے دو رکعت نمازِ فجر فرض، واسطے اللہ تعالیٰ کے، منھ میرا کعبہ شریف کی طرف (اگر اکیلے نماز پڑھ رہا ہے تو اتنی ہی نیت کافی ہے اور اگر جماعت میں نماز پڑھ رہا ہے تو یہ بھی کہے "پیچھے اس امام کے"۔ پھر اللہ اکبر کہہ کر نیت باندھ لے۔ نیت ناف کے نیچے باندھے کہ دائیں ہتھیلی بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پُشت پر ہو اور دائیں ہاتھ کی درمیانی تین انگلیاں بائیں ہاتھ کی کلائی پر ہوں اور انگھوٹھے و چھنگلیا سے بائیں ہاتھ کی کلائی کا گٹہ پکڑے۔ پھر ثنا پڑھے۔ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَ تَعَالٰى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ۔

ثناء پڑھنے کے بعد اگر نماز پڑھنے والا مقتدی ہے تو چپ چاپ کھڑا رہے ورنہ اعوذ باللہ اور بسم اللہ پڑھے، اس کے بعد سورہ فاتحہ پڑھے، اسکے بعد کوئی بھی سورت یا ایک بڑی آیت یا تین چھوٹی آیتیں پڑھے، پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتا ہوا رکوع میں جائے اور رکوع میں تین یا پانچ یا سات مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّیَ

اَلعَظِیم پڑھے پھر سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کہتا ہوا سیدھا کھڑا ہو جائے اور اگر مقتدی ہو تو رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ پڑھے اسکے بعد اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتا ہوا سجدے میں جائے اور تین یا پانچ یا سات بار دونوں سجدوں میں سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی پڑھے، دونوں سجدوں سے فارغ ہونے کے بعد اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتا ہوا دوسری رکعت کیلئے کھڑا ہو جائے اور بِسْمِ اللّٰہ پڑھ کر سورہ الحمد شریف پڑھے پھر اسکے بعد کوئی سورت یا رکوع یا ایک بڑی آیت یا کم از کم تین چھوٹی آیات پڑھے، اس بات کا بھی دھیان رکھے کہ دوسری رکعت کی سورت یا آیت پہلی رکعت کی سورت یا آیت سے کچھ کم ہونا چاہیئے۔ پھر اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہتا ہوا رکوع میں جائے اور رکوع کی تسبیح پڑھے پھر قیام کرے اور پھر دو سجدے کرے، پھر قعدہ میں بیٹھ جائے اور اَلتَّحِیَّاتُ مع درود شریف و دعاء قنوت پڑھے:۔

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّیِّبَاتُ، اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ، اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ، اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ وَنَسْتَغْفِرُکَ وَ نُؤْمِنُ بِکَ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ وَنُثْنِیْ عَلَیْکَ الْخَیْرَ وَنَشْکُرُکَ وَلَا نَکْفُرُکَ وَ نَخْلَعُ وَنَتْرُکُ مَنْ یَّفْجُرُکَ۔ اَللّٰھُمَّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَلَکَ نُصَلِّیْ وَنَسْجُدُ وَاِلَیْکَ نَسْعٰی وَنَحْفِدُ وَنَرْجُوْا رَحْمَتَکَ وَنَخْشٰی عَذَابَکَ، اِنَّ عَذَابَکَ بِالْکُفَّارِ مُلْحِقٌ۔

اگر فرض نماز دو رکعت سے زیادہ تین رکعت یا چہار رکعت والی ہو تو التحیات پڑھنے کے بعد اَللّٰہُ اَکْبَرْ کہہ کر سیدھا کھڑا ہو جائے اور پہلی رکعت کی طرح باقی رکعتیں پڑھے اور تیسری اور چوتھی رکعت میں صرف الحمد شریف پڑھ لینا کافی ہے، سورت ملانے کی ضرورت نہیں۔ اور اگر سنتیں پڑھ رہا ہے تو خواہ دو رکعات والی ہوں یا چار رکعات والی سب میں الحمد شریف کے ساتھ کوئی سورت بھی پڑھے۔ اگر فرض نماز دو رکعت والی ہے تو التحیات پڑھنے کے بعد درود شریف اور دعاء پڑھ کر سلام پھیر دے۔

## نماز جنازہ بالغ و بالغہ

**نیت:۔** نیت کی میں نے چار تکبیر نماز جنازہ، اللہ تعالیٰ کے واسطے، حمد اللہ تعالیٰ کیلئے، درود پاک رسول اعلیٰ کیلئے، دعاء اس میت کیلئے، پیچھے اس امام کے، منھ میرا کعبہ شریف کی طرف۔

**ثنا:۔** سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَ تَعَالٰی جَدُّکَ وَ جَلَّ ثَنَائُکَ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُکَ۔

**درود شریف:۔** اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ وسَلَّمْتَ وَ بَارَکْتَ وَ رَحِمْتَ وَ تَرَحَّمْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرَاهِیمَ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرَاهِیمَ اِنَّکَ حَمِیدٌ مَّجِیدٌ۔

**دعاء بالغ وبالغہ:۔** اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَمَیِّتِنَا وَ شَاهِدِنَا وَ غَائِبِنَا وَ صَغِیرِ نَا وَکَبِیرِنَا وَ ذَکَرِ نَا وَ أُنْثٰنَا اللّٰهُم مَنْ أَحْیَیْتَهُ مِنَّا فَاَحْیِهٖ عَلَی الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّیْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَی الْاِیمَانْ۔

**دعاء نابالغ:۔** اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرْطاً واجْعَلْهُ لَنَا اَجْرًا وَّ ذُخْرًا وَاجْعَلْهُ لَنَا شَافِعًا وَ مُشَفَّعاً۔

**دعاء نابالغہ:۔** اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا لَنَا فَرْطاً واجْعَلْهَا لَنَا اَجْرًا وَّذُخْرًا وَاجْعَلْهَا لَنَا شَافِعَةً وَ مُشَفَّعةً۔

## فاتحہ دینے کا طریقہ

سب سے پہلے یہ آیاتِ کریمہ پڑھ لیں، پھر چاروں قل، سورۂ فاتحہ، سورۂ بقرہ کا پہلا رکوع مفلحون تک ودیگر مروجہ آیاتِ کریمہ پڑھیں:۔

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

هُوَ اللّٰهُ الَّذِی لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ، عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ۔ هُوَ اللّٰهُ الَّذِی لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ، اَلْمَلِکُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الْمُؤمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ، سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ۔ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِءُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰی یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ، وَهُوَ الْعَزِیزُ الْحَکِیْمُ۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

قُلۡ يَا اَيُّهَا الۡكٰفِرُوۡنَ۔ لَا اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ۔ وَلَا اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَا اَعۡبُدُ۔
وَلَا اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدۡتُّمۡ۔ وَلَا اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَا اَعۡبُدُ۔ لَكُمۡ دِيۡنُكُمۡ وَلِىَ دِيۡنِ۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ اَللّٰهُ الصَّمَدُ۔ لَمۡ يَلِدۡ وَلَمۡ يُوۡلَدۡ۔ وَلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ۔ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ۔ وَمِنۡ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ۔
وَمِنۡ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الۡعُقَدِ۔ وَمِنۡ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔ مَلِكِ النَّاسِ۔ اِلٰهِ النَّاسِ۔ مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ
الۡخَنَّاسِ۔ الَّذِىۡ يُوَسۡوِسُ فِىۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ۔ مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ۔ اَلرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ مٰلِكِ يَوۡمِ الدِّيۡنِ۔
اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ۔ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ۔
صِرَاطَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ۔ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

الٓمّٓ۔ ذٰلِكَ الۡكِتٰبُ لَا رَيۡبَ فِيۡهِ، هُدًى لِّلۡمُتَّقِيۡنَ۔ اَلَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُوۡنَ
بِالۡغَيۡبِ وَيُقِيۡمُوۡنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ يُنۡفِقُوۡنَ۔ وَالَّذِيۡنَ

يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ، وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ۔ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ۔ وَ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمِ۔ اِنَّ رَحْمَةَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ۔ وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ۔ مَاكَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِنْ الرِّجَالِكُمْ وَلٰكِ الرَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ، وَكَانَ اللّٰه بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْماً۔ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ، يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْ صَلُّوْاعَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْماً۔

## درود تاج شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ حَبِيْبِنَا وَ شَفِيْعِنَا۔ وَ وَكِيْلِنَا وَ كَفِيْلِنَا وَعَوْنِنَا وَمُعِيْنِنَا۔ وَغَوْثِنَا وَمُغِيْثِنَا وَغَيْثِنَا وَغِيَاثِنَا۔ وَرَؤُفِنَا وَرَحِيْمِنَا وَكَرِيْمِنَا وَمَاوَانَا وَمَلْجَانَا۔ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰينَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰينَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمْ۔ دَافِعِ الْبَلَآءِ وَالْوَبَآءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالسِّحْرِ وَالْاَلَمْ۔ اِسْمُهٗ مَحْبُوْبٌ مَّرْغُوْبٌ مَطْلُوْبٌ مَّكْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ مَّنْقُوْشٌ فِى اللَّوْحِ وَالْقَلَمْ۔ سَيِّدِالْعَرَبِ وَالْعَجَمْ۔ جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ مُّطَهَّرٌ مُّعَطَّرٌمُّنَوَّرٌ مُّظَفَّرٌ مُّكَرَّمٌ فِى الْبَيْتِ وَالْحَرَمْ۔ وَصِفَتُهٗ مَشْهُوْرٌ فِى التَّوْرٰةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ الْعَظَمْ۔ شَمْسِ الضُّحٰى بَدْرِالدُّجٰى صَدْرِالْعُلٰى نُوْرِالْهُدٰى كَهْفِ الْوَرٰى

مِصۡبَاحِ الظُّلَمۡ۔ جَمِیۡلِ الشِّیَمِ شَفِیۡعِ الۡاُمَمِ صَاحِبِ الۡعِلۡمِ وَالۡحِلۡمِ وَالۡحِکَمۡ۔ مَعۡدَنِ الۡجُوۡدِ وَالۡحَیَاءِ وَالۡعَطَاءِ وَالسَّخَاءِ وَالۡفَضۡلِ وَالۡکَرَمۡ۔ وَاللّٰہُ عَاصِمُہٗ وَجِبۡرِیۡلُ خَادِمُہٗ وَالۡبُرَاقُ مَرۡکَبُہٗ وَالۡمِعۡرَاجُ سَفَرُہٗ۔ وَسِدۡرَۃُ الۡمُنۡتَہٰی مَقَامُہٗ وَقَابَ قَوۡسَیۡنِ مَطۡلُوۡبُہٗ وَالۡمَطۡلُوۡبُ مَقۡصُوۡدُہٗ وَالۡمَقۡصُوۡدُ مَوۡجُوۡدُہٗ۔ سَیِّدِ الۡاَنۡبِیَاءِ وَالۡمُرۡسَلِیۡنۡ۔ خَاتِمِ النَّبِیّٖنَ شَفِیۡعِ الۡمُذۡنِبِیۡنَ اَنِیۡسِ الۡغَرِیۡبِیۡنَ رَحۡمَۃٍ لِّلۡعٰلَمِیۡنۡ۔ رَاحَۃِ الۡعَاشِقِیۡنَ مُرَادِالۡمُشۡتَاقِیۡنَ شَمۡسِ الۡعَارِفِیۡنَ سِرَاجِ السّٰلِکِیۡنۡ۔ مِصۡبَاحِ الۡمُقَرَّبِیۡنۡ۔ مُحِبِّ الۡفُقَرَآءِ وَالۡغُرَبَآءِ وَالۡیَتٰمٰی وَالۡمَسٰکِیۡنۡ۔ سَیِّدِالثَّقَلَیۡنِ نَبِیِّ الۡحَرَمَیۡنِ اِمَامِ الۡقِبۡلَتَیۡنِ سَیِّدِ الۡکَوۡنَیۡنۡ۔ وَسِیۡلَتِنَا اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی فِی الدَّارَیۡنۡ۔ صَاحِبِ قَابَ قَوۡسَیۡنِ مَحۡبُوۡبِ رَبِّ الۡمَشۡرِقَیۡنِ وَرَبِّ الۡمَغۡرِبَیۡنۡ۔ جَدِّالۡحَسَنِ وَالۡحُسَیۡنۡ۔ مَوۡلٰینَا وَمَوۡلَی الثَّقَلَیۡنۡ۔ اَبِی الۡقَاسِمِ مُحَمَّدِ بۡنِ عَبۡدِاللّٰہِ۔ نُوۡرٍ مِّنۡ نُّوۡرِاللّٰہِ۔ یٰۤاَیُّھَا الۡمُشۡتَاقُوۡنَ بِنُوۡرِجَمَالِہٖ۔ بَلَغَ الۡعُلٰی بِکَمَالِہٖ، کَشَفَ الدُّجٰی بِجَمَالِہٖ، حَسُنَتۡ جَمِیۡعُ خِصَالِہٖ، صَلُّوۡاعَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَ اَحۡبَابِہٖ وَسَلِّمُوۡا تَسۡلِیۡمًا کَثِیۡرًا کَثِیۡرًا۔

اَعُوۡذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطَانِ الرَّجِیۡم

اَلَا اِنَّ اَوۡلِیَاءَ اللّٰہِ لَا خَوۡفٌ عَلَیۡھِمۡ وَلَا ھُمۡ یَحۡزَنُوۡنَ۔

الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَکَانُوْا یَتَّقُوْنَ۔ سُبْحَانَ رَبِّکَ رَبِّ الْعِزَّتِ عَمَّا یَصِفُوْنَ۔
وَسَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔

## ایصالِ ثواب کرنے کا طریقہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلیٰ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ عَلیٰ اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
بِعَدَدِ کُلِّ شَیْءٍ مَعْلُوْمٍ لَّکَ رَبِّ اَرِنِیْ بِجَمَالِکَ اَغِثْنِیْ
یَارَسُوْلَ اللّٰہِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ۔

یا اللہ! ہم نے جو کچھ قرآن کریم پڑھا ہے اور دیگر وظائف پڑھے گئے ہیں اور جو کچھ تبرک ہے ان سب کو اپنی بارگاہِ پاک میں قبول فرما۔ ان سب کا نذرانہ ہمارے آقا و مولیٰ سیدنا اعلیٰ حضرت امام الانبیاء والمرسلین پیارے نبی مکی مدنی صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ مقدسہ میں عطا فرما۔ اپنے پیارے حبیب علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے طفیل تمام انبیاء کرام و رسولانِ عظام علیہم السلام و تمام صدیقین و شہداء و صالحین و تمام اہلبیت کرام و صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی بارگاہ میں عطا فرما۔ ان تمام حضرات کے صدقے میں اسکا ثواب کل مومنین و مومنات و کل مسلمین و مسلمات کو عطا فرما۔ خصوصاً۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی روح کو اس کا ثواب عطا فرما۔

یا اللہ! اس مبارک و مسعود محفل پاک کی برکتوں سے سعادتوں سے عنایتوں سے رحمتوں سے ہم سب کو مالا مال فرما۔ یا اللہ! اس مبارک محفل پاک کے صدقے میں ہمارے گناہوں کو معاف فرما۔ یا اللہ! ہمیں ذوقِ عبادت عطا فرما۔ یا اللہ!

ہم کولذّتِ عبادت عطافرما۔ یااللہ! ہم سب کو دینِ پاک پرعمل کرنے کی توفیق عطافرما۔ یااللہ! ہم کونمازِ پنجگانہ کی توفیق عطافرما۔ یااللہ! ہماری عبادتوں کوشرفِ قبولیت عطافرما۔ یااللہ! ہمارے سینوں کوسرکاردوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا مدینہ فرما۔ یااللہ! ہمیں سیرتِ سرکاردوعالم صلے اللہ علیہ وسلم پرعمل کرنے کی توفیق عطافرما۔ یااللہ! ہم کواولیاء کرام رضی اللہ عنہم کی سچی عقیدت عطافرما۔ یا اللہ! ہم ایمان والوں کی حفاظت فرما۔ یااللہ! ہم میں آپس میں محبتیں عطافرما۔ یا اللہ! ہمارے کاروباروں کوترقی عطافرما۔ یااللہ! ہمارے گھروں میں خیر و برکت نازل فرما۔ یااللہ! جوایمان والے بے روزگار ہیں انکوبہترین روزگار عطافرما۔ یااللہ! جوایمان والے صاحبِ روزگار ہیں انکی روزی میں خیر و برکت نازل فرما۔ یااللہ! جو بچیاں شادی کے قابل ہیں انکوبہترین رشتے عطافرما۔ یااللہ! ہم میں جو بیمار ہیں ان کوشفاء کاملہ عطافرما۔ یااللہ! ہم میں جومقروض ہیں ان کو قرض سے آزادی عطافرما۔ یااللہ! ہم سبکونزع کی تکلیفوں سے قبر کی الجھنوں سے حشر کی پریشانیوں سے محفوظ و مامون فرما۔ یااللہ! ہمیں دارین کی نعمتوں سے مالامال فرما۔ یااللہ! ہم سبکو ہرطرح کی بدعقیدگی اور بدعملی سے محفوظ فرما۔ یا اللہ! ہم سب کے گناہوں کومعاف فرما۔ یااللہ! اپنے پیارے محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صدقے میں ہماری دعاؤں کوقبول فرما۔

طفیلِ مصطفےٰ یا رب ہمیں ایماں کی دولت دے
محمد مصطفےٰ شاہِ دوعالم کی محبت دے

خداوند دوعالم ہمکو تو ذوقِ عبادت دے
کریں ہم طاعت سرکار توفیقِ اطاعت دے
ابوبکر وعمر عثماں علی ان سب کے صدقے میں
صداقت دے عدالت دے سخاوت دے شجاعت دے
زمینِ کربلا پر بہنے والے خون کا صدقہ
غلامانِ محمد کو الٰہی فتح و نصرت دے
طفیل غوث و خواجہ ، شیخ احمد ، صابر و شاہجی
صحابہ کی شہیدوں کی ولیوں کی عقیدت دے
طفیلِ اعلیٰ حضرت اشرفی و شاہ سمنانی
شریعت دے طریقت دے ہمیں چشم بصیرت دے
طفیلِ حضرتِ عبد البصیر عبد القدیر آقا
مدار پاک کی کل اولیاء کی ہم کو الفت دے
جہاں میں نزع میں مرقد میں محشر اور میزاں پر
طفیل مصطفیٰ یا رب ہراک جا ہم کو عزت دے
دلوں کو پاک کردے مومنوں کے بغض و کینہ سے
نگاہوں میں مروت اور سینے میں محبت دے
مریضوں کو عطاکردے شفاء کاملہ یا رب
جو ہیں مقروض انکو قرض سے جلدی ہی فرصت دے

خدا اولاد دے اور خوب سیرت پاک طینت دے
عطا کر پاک روزی اور پھر روزی میں برکت دے
خدایا واسطہ تجھ کو شفیعِ روزِ محشر کا
سرِ محشر شفیعِ روزِ محشر کی شفاعت دے
رہے گا قربِ محبوبِ خدا بس اسلئے مولا
دعاءِ انتخابِ قادری ہے ہم کو جنت دے
جہاں جائیں غلامِ مصطفٰے کہلائیں عالم میں
دعاءِ انتخابِ قادری ہے ایسی شہرت دے

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنۡیَا حَسَنَةً وَّ فِی الۡاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ۔
وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیۡرِ خَلۡقِهٖ وَ نُوۡرِ عَرۡشِهٖ وَ قَاسِمِ رِزۡقِهٖ سَیِّدِنَا وَ مُوۡلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ اَصۡحَابِهٖ اَجۡمَعِیۡنَ بِرَحۡمَتِكَ یَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡنَ
بَحَقِّ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡهِ وَسَلَّمَ

## قرآن کریم میں مذکور کچھ خاص دعائیں

﴿۱﴾ اِهۡدِ نَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ۔ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡهِمۡ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّیۡنَ ۔ (پارہ نمبر۱)

(ترجمہ) چلاتا رہ ہمکو راہ سیدھی، راہ انکی انعامات فرمائے تو نے جن پر، نہ انکی راہ کہ غضب ہوا جن پر اور نہ گمراہوں کی۔ (بصیرۃ الایمان ص۸)

﴿۲﴾ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔
وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۔ (پارہ نمبر۱)

(ترجمہ) اے ہمارے مالک! قبول فرما ہماری طرف سے، بیشک تو ہی خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے، اور معافی کے دروازے کھولدے ہم پر، بیشک تو ہی بہت توبہ قبول فرمانیوالا بے انتہا رحم فرمانیوالا ہے۔ (بصیرۃ الایمان ص ۵۶)

﴿۳﴾ رَبَّنَا اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِى الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

(ترجمہ) اے ہمارے رب! عطا فرما تو ہمکو دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھلائی اور بچا تو ہم کو آگ کی سزا سے۔ (بصیرۃ الایمان ص ۸۴)

﴿۴﴾ رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ۔

(ترجمہ) اے ہمارے رب! انڈیل دے تو ہم پر صبر کو اور جمادے تو ہمارے قدموں کو اور مدد فرما تو ہماری بے ایمان لوگوں پر (بصیرۃ الایمان ص ۱۰۴)

﴿۵﴾ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ۔ (پارہ نمبر۳)

(ترجمہ) ہم نے سنا اور ہم نے حکم مانا، بخشش چاہتے ہیں تجھ سے اے ہمارے رب اور تیری ہی طرف پلٹنا ہے۔ (بصیرۃ الایمان ص ۱۲۲)

﴿۶﴾ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا، رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا، رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ، وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ۔ (پارہ نمبر۳)

(ترجمہ) اے ہمارے رب! نہ گرفت فرما تو ہماری، اگر ہم بھول جائیں یا ہم سے خطا ہوجائے، اے ہمارے مالک! اور نہ ڈال تو ہم پر بوجھ، جیسا کہ ڈالا تونے اسکو ان پر جو ہم سے پہلے تھے، اے ہمارے مالک! اور ایسا بوجھ نہ ڈال تو ہم پر جس کی ہمیں برداشت نہو، اور معاف فرمادے تو ہم کو اور بخش دے تو ہمکو اور رحم فرما تو ہم پر، تو ہمارا مالک ہے، تو مدد فرما تو ہماری ان لوگوں پر جو بے ایمان ہیں۔ (بصیرۃ الایمان ص ۱۲۲)

﴿۷﴾ رَبَّنَا لَاتُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ، اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔ (پارہ نمبر ۳)

(ترجمہ) اے ہمارے مالک! مت ٹیڑھا فرما تو ہمارے دلوں کو، اسکے بعد کہ تونے ہمیں ہدایت عطا فرمائی، اور عطا فرما تو ہم کو اپنی بارگاہ سے رحمت، بیشک تو ہی خوب عطا فرمانیوالا ہے۔ (بصیرۃ الایمان ص ۱۲۴)

﴿۸﴾ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْلَنَاذُنُوْبَنَا وَقِنَاعَذَابَ النَّارِ۔ (پارہ نمبر ۳)

(ترجمہ) اے ہمارے رب! بیشک ہم ایمان لائے، تو بخش دے تو ہمارے گناہوں کو اور بچادے ہمکو آگ کی سزا سے۔ (بصیرۃ الایمان ص ۱۳۰)

﴿۹﴾ اَللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِى الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ، وَتُعِزُّمَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ، بِيَدِكَ الْخَيْرُ، اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ۔ (پارہ نمبر ۳)

(ترجمہ) اے اللہ! مالک ہر مُلک کے، دیتا ہے تو مُلک تو جسکو چاہتا ہے اور چھین لیتا ہے تو مُلک کو جس سے چاہتا ہے اور عزت دیتا ہے تو جسکو چاہتا ہے

اور ذلت دیتا ہے تو جسکو چاہتا ہے، تیرے دست قدرت میں ہے ہر بھلائی،
بیشک تو ہر چاہے ہوئے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ (بصیرۃ الایمان ص ۱۳۲)

﴿۱۰﴾ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۔ (پارہ نمبر ۳)
(ترجمہ) اے میرے رب! عطا فرما تو مجھ کو اپنی بارگاہ سے پاک اولاد،
بیشک تو خوب سننے والا ہے دعاء کا۔ (بصیرۃ الایمان ص ۱۳۶)

﴿۱۱﴾ رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ
فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۔ (پارہ نمبر ۳)
(ترجمہ) اے ہمارے مالک! ایمان لائے ہم اس پر جو تو نے نازل فرمایا ہے اور
غلامی قبول کی ہم نے رسول کی، تو لکھ تو ہمکو گواہوں کیساتھ۔ (بصیرۃ الایمان ص ۱۳۸)

﴿۱۲﴾ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ
اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۔ (پارہ نمبر ۴)
(ترجمہ) اے ہمارے رب! بخش دے تو ہمارے گناہوں کو اور ہماری
زیادتیوں کو، جو ہم نے کی ہیں اپنے کام میں، اور جمادے تو ہمارے قدموں کو،
اور مدد فرما تو ہماری ان لوگوں پر جو بے ایمان ہیں۔ (بصیرۃ الایمان ص ۱۶۸)

﴿۱۳﴾ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۔ (پارہ نمبر ۴)
(ترجمہ) پاک ہے تو، تو بچا ہم کو آگ کے عذاب سے۔ (بصیرۃ الایمان ص ۱۸۴)

﴿۱۴﴾ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ
الْاَبْرَارِ ۔ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ

الْقِيٰمَةِ، اِنَّكَ لَاتُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۔ (پارہ نمبر ۴)

(ترجمہ) اے ہمارے مالک! تو بخش دے ہمارے گناہوں کو اور مٹادے تو ہمارے گناہوں کو اور وفات دے تو ہم کو نیکوں کے ساتھ۔ اے ہمارے مالک! اور عطا فرما تو ہم کو وہ جس کا وعدہ فرمایا تو نے اپنے رسولوں کے ذریعے اور نہ رُسوا فرما تو ہم کو قیامت کے دن، بیشک تو نہیں خلاف فرماتا وعدے کو۔ (بصیرۃ الایمان ص۱۸۴)

﴿۱۵﴾ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدً الِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُالرّٰازِقِيْنَ۔ (پارہ نمبر۷)

(ترجمہ) اے اللہ! ہمارے مالک! اُتار دے تو ہم پر دسترخوان آسمان سے، ہوجائیگی ہمارے لئے عید، ہمارے اگلوں کیلئے اور ہمارے پچھلوں کیلئے، اور نشانی تیری طرف سے، اور رزق عطا فرما تو ہم کو اور تو بہترین رزق دینے والا ہے۔ (بصیرۃ الایمان ص۳۰۲)

﴿۱۶﴾ رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَ اِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَ تَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۔ (پارہ نمبر۸)

(ترجمہ) اے ہمارے مالک! نقصان کیا ہم نے اپنا اور اگر نہ مغفرت فرمائے تو ہماری اور نہ رحم فرمائے تو ہم پر تو ہو جائینگے ہم نقصان اٹھانیوالوں میں سے۔ (بصیرۃ الایمان ص۳۶۰)

﴿۱۷﴾ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ۔ (پارہ نمبر۸)

(ترجمہ) اے ہمارے مالک! نہ کر تو ہم کو ان لوگوں کے ساتھ جو ظلم

ڈھانیوالے ہیں۔ (بصیرۃ الایمان ص۳۶۶)

﴿۱۸﴾ رَبَّنَا افۡتَحۡ بَیۡنَنَا وَ بَیۡنَ قَوۡمِنَا بِالۡحَقِّ وَاَنۡتَ خَیۡرُالۡفٰتِحِیۡنَ ۔ (پارہ نمبر۹)

(ترجمہ) اے ہمارے مالک! فیصلہ فرما تو ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان، حق کیساتھ، اور تو بہترین فیصلہ فرمانیوالا ہے۔ (بصیرۃ الایمان ص۳۸۰)

﴿۱۹﴾ رَبَّنَآ اَفۡرِغۡ عَلَیۡنَا صَبۡرًا وَّتَوَفَّنَا مُسۡلِمِیۡنَ ۔ (پارہ نمبر۹)

(ترجمہ) اے ہمارے مالک! مالا مال فرما دے تو ہم کو صبر سے اور موت دے تو ہم کو مسلمان رہتے ہوئے۔ (بصیرۃ الایمان ص۳۸۶)

﴿۲۰﴾ رَبِّ اغۡفِرۡلِیۡ وَلِاَخِیۡ وَاَدۡخِلۡنَا فِیۡ رَحۡمَتِکَ وَ اَنۡتَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ۔

(ترجمہ) اے میرے مالک! بخش دے تو مجھ کو اور میرے بھائی کو اور داخل فرما تو مجھ کو اپنی رحمت میں اور تو سب سے زیادہ رحم فرمانیوالا ہے۔ (بصیرۃ الایمان ص۳۹۴)

﴿۲۱﴾ اَنۡتَ وَلِیُّنَا فَاغۡفِرۡلَنَاوَارۡحَمۡنَاوَاَنۡتَ خَیۡرُالۡغٰفِرِیۡنَ۔ (پارہ نمبر۹)

(ترجمہ) تو مالک ہے ہمارا، تو بخش دے تو ہم کو اور رحم فرما تو ہم پر اور تو سب سے اچھا بخشنے والا ہے۔ (بصیرۃ الایمان ص۳۹۴)

﴿۲۲﴾ رَبَّنَا لَا تَجۡعَلۡنَا فِتۡنَۃً لِّلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِیۡنَ وَنَجِّنَا بِرَحۡمَتِکَ مِنَ الۡقَوۡمِ الۡکٰفِرِیۡنَ ۔ (پارہ نمبر۱۱)

(ترجمہ) اے ہمارے مالک! مت بنا تو ہم کو آزمائش ان لوگوں کیلئے جو ظلم ڈھانیوالے ہیں اور نجات دے تو ہم کو اپنی رحمت کے ذریعہ ان لوگوں

سے جو کفر کرنیوالے ہیں۔ (بصیرۃ الایمان ص ۵۱۰)

﴿۲۳﴾ رَبِّ اِنِّیۡۤ اَعُوۡذُبِكَ اَنۡ اَسۡـَٔلَكَ مَا لَیۡسَ لِیۡ بِهٖ عِلۡمٌ ؕ وَ اِلَّا تَغۡفِرۡ لِیۡ وَتَرۡحَمۡنِیۡۤ اَكُنۡ مِّنَ الۡخٰسِرِیۡنَ۔ (پارہ نمبر ۱۲)

(ترجمہ) اے میرے مالک! بیشک میں پناہ مانگتا ہوں تیری، یہ کہ سوال کروں میں تجھ سے اسکا جسکا نہیں ہے مجھ کو کوئی علم اور اگر نہ بخشے تو مجھ کو اور نہ رحم فرمائے تو مجھ پر تو ہو جاؤنگا میں خسارے والوں میں سے۔ (بصیرۃ الایمان ص ۵۲۸)

﴿۲۴﴾ وَمَاتَوۡفِیۡقِیۡۤ اِلَّا بِاللّٰهِ عَلَیۡهِ تَوَكَّلۡتُ وَاِلَیۡهِ اُنِیۡبُ ۔ (پارہ نمبر ۱۲)

(ترجمہ) اور نہیں ہے میری توفیق مگر اللہ کی طرف سے، اُسی پر بھروسہ کیا میں نے اور اسی کی طرف لوٹتا ہے۔ (بصیرۃ الایمان ص ۵۳۸)

﴿۲۵﴾ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ اَنۡتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَةِ تَوَفَّنِیۡ مُسۡلِمًا وَّاَلۡحِقۡنِیۡ بِالصّٰلِحِیۡنَ ۔ (پارہ نمبر ۱۳)

(ترجمہ) اے پیدا فرمانیوالے! آسمانوں کے اور زمین کے، تو کام بنانیوالا ہے میرا دنیا میں اور آخرت میں، وفات دے تو مجھے مسلمان کی حیثیت سے اور ملا دے تو مجھ کو صالحین کیساتھ۔ (بصیرۃ الایمان ۵۷۶)

﴿۲۶﴾ رَبِّ اجۡعَلۡنِیۡ مُقِیۡمَ الصَّلٰوةِ وَمِنۡ ذُرِّیَّتِیۡ رَبَّنَا وَتَقَبَّلۡ دُعَآءِ رَبَّنَا اغۡفِرۡلِیۡ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ یَوۡمَ یَقُوۡمُ الۡحِسَابُ ۔ (پارہ نمبر ۱۳)

(ترجمہ) اے میرے مالک! بنادے تو مجھ کو قائم رکھنے والا نماز کا اور کچھ میری اولاد کو، اے ہمارے مالک! اور قبول فرما تو میری دعاء،

اے ہمارے مالک! بخش دے تو مجھ کو اور میرے والدین کو اور ایمان والوں کو جس دن کہ قائم ہوگا حساب۔ (بصیرۃ الایمان ص ۶۰۸)

﴿۲۷﴾ رَبِّ ارۡحَمۡهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيۡ صَغِيۡرًا ۔(پارہ نمبر ۱۵)

(ترجمہ) اے میرے مالک! تو رحم فرما ان دونوں پر جیسا کہ پالا تھا مجھے دونوں نے بچپن میں۔(بصیرۃ الایمان ص ۶۶۸)

﴿۲۸﴾ رَبِّ اَدۡخِلۡنِيۡ مُدۡخَلَ صِدۡقٍ وَّاَخۡرِجۡنِيۡ مُخۡرَجَ صِدۡقٍ وَّاجۡعَلۡ لِّيۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ سُلۡطٰنًا نَّصِيۡرًا ۔(پارہ نمبر ۱۵)

(ترجمہ) اے میرے مالک! داخل فرما تو مجھ کو سچائی کے داخلے کیساتھ اور نکال تو مجھ کو سچائی کے راستے کیساتھ اور بنادے تو میرے لئے اپنی بارگاہ سے قوت مددگار۔(بصیرۃ الایمان ص ۶۸۴)

﴿۲۹﴾ رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً وَّهَيِّئۡ لَنَا مِنۡ اَمۡرِنَا رَشَدًا ۔ (پارہ نمبر ۱۵)

(ترجمہ) اے مالک ہمارے! عطا فرما تو اپنے پاس سے رحمت اور تیار فرمادے ہمارے لئے ہمارے معاملے میں ہدایت۔(بصیرۃ الایمان ص ۶۹۶)

﴿۳۰﴾ رَبِّ اشۡرَحۡ لِيۡ صَدۡرِيۡ وَيَسِّرۡ لِيۡۤ اَمۡرِيۡ وَاحۡلُلۡ عُقۡدَةً مِّنۡ لِّسَانِيۡ يَفۡقَهُوۡا قَوۡلِيۡ ۔(پارہ نمبر ۱۶)

(ترجمہ) اے میرے مالک! کھولدے تو میرے لئے سینہ میرا اور آسان فرمادے میرے لئے کام میرا اور کھولدے گرہ میری زبان کی کہ سمجھیں وہ بات میری۔ (بصیرۃ الایمان ص ۷۴۶)

﴿۳۱﴾ رَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا ۔ (پارہ نمبر۱۶)

(ترجمہ) مالک میرے! زیادہ فرمادے میرے علم کو۔ (بصیرۃ الایمان ۷۶۲)

﴿۳۲﴾ رَبِّ لَا تَذَرۡنِیۡ فَرۡدًا وَّاَنۡتَ خَیۡرُ الۡوٰرِثِیۡنَ۔(پارہ نمبر۱۷)

(ترجمہ) اے میرے مالک! مت چھوڑ تو مجھ کو اکیلا، اور تو سب سے اچھا وارث ہے۔ (بصیرۃ الایمان ص ۷۸۶)

﴿۳۳﴾ رَبِّ اَنۡزِلۡنِیۡ مُنۡزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنۡتَ خَیۡرُ الۡمُنۡزِلِیۡنَ۔(پارہ نمبر۱۸)

(ترجمہ) اے میرے مالک! اتار مجھ کو برکت والی جگہ اور تو سب سے اچھا اُتارنے والا ہے۔ (بصیرۃ الایمان ص ۸۲۰)

﴿۳۴﴾ رَبِّ انۡصُرۡنِیۡ بِمَا كَذَّبُوۡنِ ۔ (پارہ نمبر۱۸)

(ترجمہ) اے میرے مالک! مدد فرما تو میری اس پر کہ جھٹلا دیا انہوں نے مجھ کو۔ (بصیرۃ الایمان ص ۸۲۰)

﴿۳۵﴾ رَبِّ فَلَا تَجۡعَلۡنِیۡ فِی الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِیۡنَ ۔(پارہ نمبر۱۸)

(ترجمہ) میرے مالک! تو نہ شامل فرما مجھ کو ان لوگوں میں جو ظلم ڈھانیوالے ہیں۔

﴿۳۶﴾ رَبِّ اَعُوۡذُبِكَ مِنۡ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیۡنِ وَاَعُوۡذُ بِكَ رَبِّ اَنۡ یَّحۡضُرُوۡنِ ۔(پارہ نمبر۱۸)

(ترجمہ) میرے مالک! پناہ چاہتا ہوں میں تیری وسوسوں سے شیطانوں کے اور پناہ چاہتا ہوں تیری اے میرے مالک! یہ کہ پاس آئیں وہ میرے۔

﴿۳۷﴾ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغۡفِرۡلَنَا وَارۡحَمۡنَا وَاَنۡتَ خَیۡرُ الرّٰحِمِیۡنَ۔(پارہ نمبر۱۸)

(ترجمہ) اے ہمارے مالک! ایمان لائے ہم، تو بخش دے تو ہمکو اور رحم فرما تو ہم پر اور تو سب سے بہتر رحم فرمانیوالا ہے۔ (بصیرۃ الایمان ص ۸۳۴)

﴿۳۸﴾ رَبِّ اغۡفِرۡ وَارۡحَمۡ وَاَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ ۔(پارہ نمبر۱۸)

(ترجمہ) اے میرے مالک! بخش دے اور رحم فرما اور تو سب سے بہتر رحم فرمانیوالا ہے۔

﴿۳۹﴾ رَبَّنَا اصۡرِفۡ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۔ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۔ اِنَّهَا سَآءَتۡ مُسۡتَقَرًّا وَّمُقَامًا ۔ (پارہ نمبر۱۹)

(ترجمہ) اے ہمارے مالک! پھیر دے ہم سے عذاب کو جہنم کے، بیشک جہنم کا عذاب ہے نہ چھٹنے والا، بیشک وہ بُری جگہ ہے ٹھہرنے کی اور رہنے کی جگہ۔

﴿۴۰﴾ رَبَّنَا هَبۡ لَنَا مِنۡ اَزۡوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعۡيُنٍ وَّاجۡعَلۡنَا لِلۡمُتَّقِيۡنَ اِمَامًا ۔(پارہ نمبر۱۹)

(ترجمہ) اے ہمارے مالک! عطا فرما تو ہم کو ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک، ہماری بیویوں سے اور ہماری اولاد سے، اور بنادے تو ہم کو پرہیزگاروں کا پیشوا۔

﴿۴۱﴾ رَبِّ هَبۡ لِىۡ حُكۡمًا وَّاَلۡحِقۡنِىۡ بِالصّٰلِحِيۡنَ ۔ وَاجۡعَلۡ لِّىۡ لِسَانَ صِدۡقٍ فِى الۡاٰخِرِيۡنَ ۔ وَاجۡعَلۡنِىۡ مِنۡ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيۡمِ ۔ وَاغۡفِرۡ لِاَبِىۡۤ وَلَا تُخۡزِنِىۡ يَوۡمَ يُبۡعَثُوۡنَ ۔(پارہ نمبر۱۹)

(ترجمہ) اے میرے مالک! عطا فرما مجھ کو حکم اور مِلا دے تو مجھ کو نیکوں کیساتھ اور بنادے تو میرے لئے ذکر خیر پچھلوں میں اور بنادے تو مجھ کو وارثوں میں سے نعمتوں والی جنت کے اور بخش دے میرے ابّو کو، اور نہ رسوا فرمانا مجھ کو جس دن اٹھائے جائینگے لوگ۔ (بصیرۃ الایمان ص ۸۸۸)

﴿۴۲﴾ رَبِّ اَوۡزِعۡنِىۡۤ اَنۡ اَشۡكُرَ نِعۡمَتَكَ الَّتِىۡۤ اَنۡعَمۡتَ عَلَىَّ

وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَاَدْخِلْنِیْ بِرَحْمَتِكَ فِیْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِیْنَ۔(پارہ نمبر۱۹)

(ترجمہ) اے میرے مالک! توفیق دے تو مجھ کو یہ کہ شکر ادا کروں میں نعمت کا تیری جو انعام فرمایا تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر اور یہ کہ میں عمل کروں گا اچھے کہ پسند فرمائے تو اسکو، اور داخل فرما تو مجھ کو اپنی رحمت سے، اپنے ایسے بندوں میں جونکو کار ہیں۔(بصیرۃ الایمان ص ۹۱۰)

﴿۴۳﴾ رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ۔(پارہ نمبر۲۰)

(ترجمہ) اے میرے مالک! بیشک میں محتاج ہوں اُس اچھی چیز کا جو تو اُتارے میری طرف۔(بصیرۃ الایمان ص ۹۳۴)

﴿۴۴﴾ رَبِّ انْصُرْنِیْ عَلَی الْقَوْمِ الْمُفْسِدِیْنَ۔ (پارہ نمبر۲۰)

(ترجمہ) اے میرے مالک! مدد فرما تو میری ایسے لوگوں پر جو فساد برپا کرنیوالے ہیں۔ (بصیرۃ الایمان ص ۹۶۰)

﴿۴۵﴾ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ۔ (پارہ نمبر ۲۳)

(ترجمہ) اے میرے مالک! عطا فرما دے تو مجھ کو نیک اولاد۔(بصیرۃ الایمان ۱۱۰۰)

﴿۴۶﴾ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَیْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِیْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِیْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِیْمِ۔ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ نِ الَّتِیْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآءِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّیّٰتِهِمْ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ۔ (پارہ نمبر ۲۴)

(ترجمہ) اے ہمارے مالک! حاوی ہے تو ہر شئی کو، رحمت اور علم سے، تو بخش دے توانکو جنہوں نے توبہ کی اور چلے وہ راستے پر تیرے اور بچادے انکو عذاب سے دوزخ کے۔ اے ہمارے مالک! اور داخل فرمادے تو انکو سدابہار باغات میں، جنکا وعدہ فرمایا ہے تو نے ان سے، اور جو صالحین ہیں انکے باپ دادا اور بیویاں انکی اور اولاد انکی، بیشک تو ہی بڑی عزت والا بڑی حکمت والا ہے۔ (بصیرۃ الایمان ص ۱۱۵۰)

﴿۴۷﴾ رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰهُ وَ اَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ، اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۔(پارہ نمبر۲۶)

(ترجمہ) اے میرے مالک! ڈال دے تو میرے دل میں یہ کہ شکر کروں میں نعمت کا تیری، جو تو نے نعمت فرمائی مجھ پر اور میرے والدین پر، اور یہ کہ عمل کروں اچھے، راضی ہو تو جس سے، اور اصلاح فرمادے تو میرے لئے اولاد میں میری، بیشک میں توبہ کرتا ہوں تیری بارگاہ میں اور بیشک میں مسلمانوں میں سے ہوں۔ (بصیرۃ الایمان ص ۱۲۴۲)

﴿۴۸﴾ رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَئُوْفٌ رَّحِیْمٌ ۔ (پارہ نمبر۲۸)

(ترجمہ) اے ہمارے مالک! بخش دے تو ہم کو اور بھائیوں کو ہمارے، جنہوں نے سبقت کی ہم پر ایمان میں، اور نہ ڈال تو دلوں میں ہمارے کینہ

انکے لئے جو ایمان لائے، اے ہمارے مالک! بیشک تو بڑی نرمی والا بے انتہا رحم والا ہے۔ (بصیرۃ الایمان ص ۱۳۷۸)

﴿۴۹﴾ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ۔ رَبَّنَا لَاتَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْلَنَا رَبَّنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔

(ترجمہ) اے ہمارے مالک! تجھ ہی پر بھروسہ کیا ہم نے اور تیری ہی طرف متوجہ ہوئے ہم، اور تیری طرف واپس ہونا ہے، اے ہمارے مالک! نہ بنا تو ہمکو آزمائش انکے لئے جنہوں نے کفر کیا اور بخش دے تو ہمکو اے ہمارے مالک! بیشک تو ہی بڑی عزت والا بڑی حکمت والا ہے۔ (بصیرۃ الایمان ص ۱۳۸۲۔۱۳۸۴)

﴿۵۰﴾ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْلَنَا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

(ترجمہ) اے ہمارے مالک! پورا فرمادے ہمارے لئے نور کو ہمارے اور بخش دے ہم کو، بیشک تو ہر چاہے ہوئے پر قدرت رکھنے والا ہے۔ (بصیرۃ الایمان ص ۱۴۱۶)

﴿۵۱﴾ رَبِّ اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَ لِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ، وَلَاتَزِدِالظّٰلِمِيْنَ اِلَّا تَبَارًا۔ (پارہ نمبر ۲۹)

(ترجمہ) اے میرے مالک! بخش دے تو مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور اسکو جو داخل ہوا گھر میں میرے ایماندار ہو کر، اور ایمان والوں کو اور ایمان والیوں کو، اور نہ بڑھا تو ظلم ڈھانیوالوں کی مگر بربادی۔ (بصیرۃ الایمان ص ۱۴۴۸)

﴿۵۲﴾ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ مِنْ شَرِّمَاخَلَقَ وَمِنْ شَرِّغَاسِقٍ اِذَاوَقَبَ وَمِنْ شَرِّالنَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ وَمِنْ شَرِّحَاسِدٍاِذَاحَسَدَ

(ترجمہ) میں پناہ لیتا ہوں صبح کے مالک کی، شر سے اسکے جسکو اس نے پیدا فرمایا اور شر سے اندھیرا ڈالنے والے کے، جب وہ ڈوبے، اور شر سے انکے جو پھونک مارنیوالی ہیں گرہوں میں، اور شر سے بُرا چاہنے والے کے، جب بُرا چاہے وہ۔ (بصیرۃ الایمان ص ۱۵۸۴)

﴿۵۳﴾ اَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ مَلِكِ النَّاسِ اِلٰهِ النَّاسِ مِنْ شَرِّالْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِالنَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ۔ (بصیرۃ الایمان ص ۱۵۸۴)

(ترجمہ) میں پناہ لیتا ہوں تمام لوگوں کے مالک کی، تمام لوگوں کے بادشاہ کی، تمام لوگوں کے معبود کی، شر سے وسوسہ ڈالنے والے کے، چُھپ جانیوالے کے شر سے، جو وسوسہ ڈالتا ہے دلوں میں لوگوں کے، جنات میں سے اور لوگوں میں سے۔ (بصیرۃ الایمان ص ۱۵۸۴)

# اسم اعظم

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ۔

نہیں ہے کوئی معبود سوائے تیرے، پاک ہے تو، بیشک میں تھا بیبا کی کرنے والوں میں سے۔ (بصیرۃ الایمان ص ۷۸۶)

حدیث پاک میں اس دعاء کو اسم اعظم فرمایا گیا ہے۔ جو اس کیساتھ دعاء کرے تو قبول ہوگی۔ بلاؤں سے محفوظ رہنے کیلئے یہ اکسیر ہے لہٰذا اس کا بھرپور ورد کریں۔ یہی دعاء رب تعالیٰ نے سیدنا حضرت یونس علیہ السلام کو عطا فرمائی تھی۔

# درود وسلام پڑھنے کے فضائل

**حدیث شریف:** پیارے نبی ﷺ نے فرمایا کہ جو ایک بار درود شریف پڑھے گا مجھ پر تو دس رحمتیں نازل فرمائیگا اللہ تعالیٰ اس پر اور مٹادیئے جائیں گے اُسکے دس گناہ اور بلند ہونگے اسکے دس درجے۔ (جامع مداری شریف جلد ا صفحہ ۶۴۲)

**حدیث شریف:** پیارے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن لوگوں میں سب سے زیادہ قریب مجھ سے وہ ہوگا جو مجھ پر زیادہ درود پڑھے گا۔ (جامع مداری شریف جلد ا صفحہ ۶۴۴)

**حدیث شریف:** عرض کیا گیا پیارے رسول اللہ ﷺ سے کہ کیا رائے ہے آپکی انکے درود شریف کے بارے میں جو درود شریف پڑھتے ہیں آپ پر، ان میں سے جو دور ہیں آپ سے اور جو آئینگے آپکی حیاتِ ظاہری کے بعد، تو انکا کیا حال ہے آپکے نزدیک؟ تو فرمایا پیارے رسول نے کہ میں سنتا ہوں اہل محبت کا درود شریف اور میں پہچانتا ہوں ان کو اور پیش کیا جاتا ہے مجھ پر درود شریف ان اہل محبت کے علاوہ کا۔ (جامع مداری شریف جلد ا صفحہ ۶۴۴)

**حدیث شریف:** جس نے درود شریف پڑھا پیارے نبی ﷺ پر ایک مرتبہ تو اللہ تعالیٰ اور اسکے فرشتے ستر مرتبہ درود شریف بھیجیں گے۔ (جامع مداری شریف جلد ا صفحہ ۶۴۶)

**حدیث شریف:** پیارے نبی ﷺ نے فرمایا کہ میرا جو امتی مجھ پر درود بھیجتا ہے تو اس پر ستر ہزار فرشتے درود بھیجتے ہیں اور فرشتے جس پر درود بھیجیں وہ جنتی ہے۔ (اصلاحی نصاب صفحہ ۲۸۳)

**حدیث شریف:** پیارے نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس نے جمعہ کے دن مجھ پر سو مرتبہ درود شریف بھیجا تو اسکے اسی سال کے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ (فضائل درود وسلام صفحہ ۲۸۴)

**حدیث شریف:** پیارے نبی ﷺ نے فرمایا کہ حوض کوثر پر ایک جماعت آئیگی اور میں اسکو پہچان لونگا انکے کثرت سے درود شریف پڑھنے کی وجہ سے۔ (فضائل درود وسلام ۲۸۷)

**حدیث شریف:** پیارے نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مجھ پر درود شریف کی کثرت کرو کیونکہ درود شریف گناہوں سے پاکی ہے اور ظاہری باطنی جانی مالی پاکیزگی درود شریف سے حاصل ہوتی ہے۔ (فضائل درود وسلام صفحہ ۳۰۷)

**حدیث شریف:** پیارے نبی ﷺ نے فرمایا کہ جس مومن کوکوئی مصیبت پیش آئے تو خوب درود شریف پڑھے، اس سے اسکی مشکل کشائی ہوگی اور مصیبت ٹل جائے گی۔ (فضائل درود وسلام صفحہ ۳۰۸)

# درود وسلام اور انکی فضیلت

## بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

**اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمۡ وَ بَارِكۡ عَلٰی سَیِّدِناَ مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِناَ مُحَمَّدٍ بِعَدَدَ کُلِّ شَیۡءٍ مَعۡلُوۡمٍ لَّكَ رَبِّ اَرِنِیۡ بِجَمَالِكَ اَغۡثِنِیۡ یاَ رَسُوۡلَ اللّٰہ**

یہ درود شریف دل کا زنگ دور کرتا ہے اور دل کو جلا بخشنے میں بیحد مفید ہے۔

**اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِناَ مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ صَلاَۃً اَنۡتَ لَھاَ اَھۡل وَھُوَ لَھاَ اَھۡل**

علامہ جلال الدین سیوطی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ اس درود شریف کا ایک مرتبہ پڑھنا گیارہ ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کے برابر ہے۔

**اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِناَ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ اَلۡفَ اَلۡفَ مَرَّۃٍ**

پیارے نبی ﷺ نے فرمایا کہ جس نے جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف

پڑھا تو جب تک اپنا ٹھکانہ جنت میں نہ دیکھ لے تب تک دنیا سے نہ جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْماً۔

سیدنا اعلیٰ حضرت پیارے نبی احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص جمعہ کے دن یہ درود شریف پڑھے تو اس کے اسی برس کے گناہ بخش دیۓ جائیں گے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً اَنْتَ لَھَا اَھْلٌ وَھُوَ لَھَا اَھْلٌ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔

ایک شخص پیارے نبی ﷺ کے روضۂ پاک پر حاضر ہوۓ تو یہ درود شریف کثرت سے پیش کیا۔ جب انہوں نے واپسی کا ارادہ کیا تو پیارے نبی ﷺ نے خواب میں ان سے فرمایا کہ چند دن اور ٹھہر جا! ہمیں تیرا یہ درود شریف پسند آگیا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَكَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَ بَعْدَ الْمَمَاتِ۔

اس درود شریف کا نام ''درود تنجینا'' ہے۔ یہ درود شریف مشکلات کو دور کرتا ہے۔ ایک بزرگ کا جہاز بھنور میں پھنس گیا تھا تو پیارے نبی ﷺ نے انکو یہ درود شریف پڑھنے کا حکم فرمایا، ابھی تین سو بار ہی پڑھا تھا کہ جہاز بھنور سے نکل گیا اور مشکل دور ہوئی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وسلم عَلٰی سَیِّدِناَ و مَوْلاَناَ مُحَمَّدٍ صَلوٰۃً تَحُلُّ بِھاَ عُقْدَتِیْ وَتُفَرِّجُ بِھاَ کُرْبَتِیْ وَتَنْقُذُنِیْ بِھاَ مِنْ وَحْلَتِیْ وَتُقْبِلُ بِھاَ عَشْرَتِیْ وَ تَقْضِیْ بِھاَ حاَجَتِیْ۔

اس درود شریف کی خاصیت یہ ہے کہ جس پر بھی کوئی آفتِ ناگہانی نازل ہو اور پریشانی کا شکار ہو تو نمازِ تہجد کے بعد قبلہ رو ہو کر ایک ہزار مرتبہ اس درود شریف کو پڑھے تو ان شاء اللہ آفات سے نجات ملے گی۔

## دعاء استخارہ اور استخارہ کرنے کا طریقہ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلاَ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلاَ اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلاَّمُ الْغُیُوْبِ۔ اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعاَشِیْ وَعاَقِبَۃِ اَمْرِیْ اَوْقاَلَ فِیْ عاَجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِہٖ فاَقْدِرْہُ لِیْ وَیَسِّرْہُ لِیْ ثُمَّ باَرِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ ھٰذاَ الْاَمْرَ شَرٌّ لِیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعاَشِیْ وَعاَقِبَۃِ اَمْرِیْ اَوْقاَلَ فِیْ عاَجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِہٖ فاَصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ کاَنَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِہٖ۔

رات کو سونے سے پہلے دو رکعت نمازِ نفل ادا کرے۔ پہلی رکعت میں سورۂ کافرون اور دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص پڑھے اور نماز کے بعد یہ دعاء پڑھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ خواب میں نتیجے سے آگاہی ہوگی۔

# اوراد و وظائف

**بعدنمازفجر:** یاَ ھُو وَ یا مَنْ ھُوَ وَ یا مَنْ لَیسَ لہٗ اِلَّا ھُوَ اَسْئَلُکَ اَنْ تَغْفِرلِیْ وَ تَرْحَمْنِیْ بِرَحْمَتِکَ یا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن۔(ایکسوگیارہ مرتبہ)

**بعدنمازظہر:** اَللّٰہُ الْکَافِیْ وَ قَصَدْتُ الْکَافِیْ وَوَجَدْتُ الْکَافِیْ وَلِکُلِّ کَافِیْ وَکَفانِ الْکَافِیْ وَنِعْمَ الْکَافِیْ وَھُوَ الْکَافِیْ وَ لِلّٰہِ الْحَمْدُ۔

**بعدنمازعصر:** اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْہِ۔ (ایکسوگیارہ مرتبہ)۔

**بعدنمازمغرب:** شجرہ شریف اور سورۂ یاسین شریف پڑھیں۔

**بعدنمازعشاء:** (درودشریف ایکسوگیارہ مرتبہ پڑھیں) اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدَ کُلِّ شَیْءٍ مَعْلُوْمٍ لَکَ رَبِّ اَرِنِیْ بِجمَا لِکَ اَغِثْنِیْ یا رَسُوْلَ اللّٰہ۔

**اذکار:** لَاَ ناف سے داہنے کاندھے تک کھینچے وہاں سے اِلٰـہَ دماغ تک اور سر کو جنبش دیکر اِلَّااللّٰـہ کی ضرب دل پر لگائیں۔ بعدنمازفجر وعشاء یـاَ رَزَّاقُ (۱۰۰ا بار) پڑھنے سے رزق کی تنگی دور ہوتی ہے اور مقدمہ میں کامیابی ملتی ہے۔ رزق میں اضافے کے لئے بعدنمازعشاء یاَ لَطِیْفُ ۱۰۰ اسو بار پڑھیں اور ہر بار ۹۹ پر تین مرتبہ اُلْطُفْ پڑھیں۔ مشکلات کودفع کرنے کیلئے بعدنمازعشاء درود تاج شریف ۴۱ بار پڑھیں۔ مشکلات کے حل کیلئے بعدنمازعشاء ۴۱ بار سورۂ مزمل شریف پڑھیں۔

۷۸۶
۹۲

# شہیدہ سیدہ شعار سلطانہ قدیری عرف تاباں

علیہا الرحمہ

## آگیا نام شہیدوں میں تمہارا تاباں

رب کی رحمت سے تمہیں یہ ملا رتبہ تاباں
آ گیا نام شہیدوں میں تمہارا تاباں

تم سے کرتے تھے بہت پیار تمہارے دادا
اس لئے جلد تمہیں پاس بلایا تاباں

چاند سے چہرے پہ مسکان سدا رہتی تھی
تھا گلابوں سا کھِلا آپ کا مکھڑا تاباں

سب کو ہر وقت ستاتی ہیں تمہاری یادیں
غیر ممکن ہے کبھی تم کو بھلانا تاباں

چار ذوالحجہ تھی اور دن تھا جمعہ بعد فجر
سوئے جنت ہوا جب آپ کا جانا تاباں

۷۸۶
۹۱۷

شہیدہ سیدہ شعار سلطانہ قدیری عرف تاباں علیہا الرحمہ

# کنیزِ فاطمہ

سدا نہائے تو بارانِ نور و رحمت میں
کنیز فاطمہ بنکر رہے تو جنت میں

خدا نے تجھ کو شہیدہ کا مرتبہ ہے دیا
یہ اک عظیم اضافہ ہے تیری عظمت میں

بہت اداس ہے یہ گھر ترے بنا تاباں
نہیں سکوں کسی کو بھی تیری فرقت میں

ترے وجود سے خوشیاں تھیں میرے آنگن میں
خدا کا فضل نظر آیا تیری صورت میں

تمہاری ماں تمہیں ہر وقت یاد کرتی ہیں
ہرایک لمحہ گزرتا ہے بس اذیت میں

تمہارے بھائیؑ بہن درد سے تڑپتے ہیں
کمی نہیں ہے کوئی رنج و غم کی شدت میں

تمہارا باپ دعاء کر رہا ہے رو رو کر
ہمیشہ خوش رہو تاباں تم اپنے تربت میں

۷۸۶
۹۱۷

یا رسول اللہ ﷺ　　یا اللہ جل جلالہ

# شہیدہ سیدہ شعار سلطانہ قدیری عرف تاباں
علیہا الرحمہ

## تم عظمتوں کا ہو شہکار سیدہ تاباں

نصیب کتنا چمکدار سیدہ تاباں
تم آلِ سید ابرار سیدہ تاباں

نسب تمہارا ہے حسنین و فاطمہ سے جڑا　　ہو خونِ حیدرِ کرّار سیدہ تاباں

تمہاری والدہ والد تمہارے بھائی بہن　　تڑپ رہے ہیں بصد زار سیدہ تاباں

ہو انتساب کی آنکھوں کا نور تم تاباں!　　ہو انتخاب کا تم پیار سیدہ تاباں

تمہاری عظمت و رفعت، تمہاری نسبت پر　　میں جان و دل سے ہوں بلہار سیدہ تاباں

شکم میں آپ کے نو ماہ جو پلی بیٹی　　ہو ساتھ خلد میں سرشار سیدہ تاباں

خدا نے تم کو شہادت کا مرتبہ ہے دیا　　تم عظمتوں کا ہو شہکار سیدہ تاباں

خدا نصیب کرے تم کو جنت الفردوس　　طفیلِ احمدِ مختار' سیدہ تاباں

قبول کیجئے ادنی غلام کی کاوش　　عقیدتوں کے یہ اشعار سیدہ تاباں

دعائیں کرتا ہے جامیؔ نبی کا حاصل ہو
لحد میں آپ کو دیدار سیدہ تاباں

خراج عقیدت:۔ حافظ محمد التمش جامی قدیری بنارسی

رب کی رحمت سے تمہیں یہ ملا رتبہ تاباں
آ گیا نام شہیدوں میں تمہارا تاباں

